کووِڈ-19ویکسین کے بارے میں حقائق

ٹیکا لگانا (ویکسینیشن) آپ کی صحت کی حفاظت کا ایک مؤثر ترین طریقہ ہے۔
ویکسینزبیماری کے خلاف تحفظ پیدا کرنے کے لئے جسم کے قدرتی دفاع کے ذریعے کام کرتی ہیں۔ کووِڈ-19ویکسینز آپ کے جسم کے مدافعتی نظام کو اس وائرس کو پہچاننے اور اس سے لڑنے کے لئے ہدایات فراہم کرتی ہیں جس کی وجہ سےکووِڈ-19بیماریی ہوتی ہے۔

کینیڈا میں رہنے والے ہر شخص کو مفت ویکسینیں دستیاب ہوں گی۔ صوبوں اور علاقوں نے اپنے رہائشیوں کے لئے ویکسینیشن کی تقسیم کاری کے تفصیلی منصوبے تیار کیے ہیں۔

کووِڈ-19کی ویکسین کیوں لگائ جائیں؟

ویکسینیں کام کرتی ہیں

سائنسی اور طبی شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ ویکسینیشن آپ کو کووِڈ-19 کے خلاف تحفّظ مہیا کر سکتی ہےتحقیقات یہ بھی ظاہر کررہی ہیں کہ جن لوگوں کو ویکسین لگائی گئی ہے اگر وہ کووِڈ-19 بیماری میں مبتلا ہو بھی جاتے ہیں تو ممکن ہے کہ انہیں کم شدید بیماری ہو۔

ویکسینیں محفوظ ہیں

جو ویکسین محفوظ، موثر اور اعلی معیار کے ثابت ہوں، کینیڈا میں استعمال کے لئےصرف وہ ویکسین مجاز ہیں ۔ ان کی تیاری کے دوران کووِڈ-19ویکسینوں کی سخت جانچ کی گئی ہے اور اس کے بعد ہیلتھ کینیڈا نے اس کا بغور جائزہ لیا ہے۔

ویکسینیں آپ کو کووِڈ-19 نہیں دے سکتی ہیں کیونکہ ان میں اس بیماری کا وائرس نہیں ہوتا ہے ۔ ویکسینیں آپ کے ڈی این اے(DNA) کو بھی تبدیل نہیں کرسکتی ہیں۔

ایم آر این اے(mRNA) ویکسینیں آپ کے خلیوں کو کورونا وائرس کی پروٹین بنانے کے ہدایات فراہم کرتی ہیں۔ یہ پروٹین ایک مدافعتی ردعمل کو متحرک کرے گا جو آپ کو کووِڈ-19 کے خلاف محفوظ رہنے میں مدد فراہم کرے گا۔

وائرل ویکٹرویکسینز ایک ایسا وائرس استعمال کرتی ہیں جسےغیر نقصان دُہ بنایا گیا ہے تا کہ یہ آپ کے جسم میں بیماری دیئے بغیر کورونا وائرس پروٹین تیار سکے۔ یہ پروٹین،ایم آر این اے(mRNA) ویکسینوں کی طرح مدافعتی ردعمل کو متحرک کرے گا جو آپ کو کووِڈ-19 کے خلاف تحفظ مہیا کرنے میں مدد فراہم کرے گا۔

صحت عامہ کے اقدامات پر عمل کرنا جاری رکھیں

کووِڈ-19ویکسین اس وبائی بیماری کو روکنے کی مدد میں ہمارے لئے اہم آلات ہیں۔ اس وقت، ہمیں ابھی بھی کووِڈ-19کے پھیلاؤ کو کم کرنے اور جان بچانے کے لئے صحت عامہ کے اقدامات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتیں کمیونٹیز میں پھیلنے والےکووِڈ-19کے خطرے کا جائزہ لیتی رہیں گی۔ جبکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو ویکسین لگ جائیں اور اس سائنس کے بارے میں ہم مزید سیکھ پائیں، وقت کے ساتھ ساتھ اقدامات کی مطابقت کی جائے گی۔ ہرایک ایسے مستقبل کا منتظر ہے جب ہم ساتھ ہوسکیں۔ تب تک، ہمیں ایک دوسرے کی حفاظت کرنے کی ضرورت ہے، خاص طور پران لوگوں کی حفاظت جنہیں اب بھی کووِڈ-19ہونے پر شدید بیماریکا خطرہ ہے۔

حقائق حاصل کریں۔ مزید معلومات کے لئے**Canada.ca/covid-vaccine** پر جائیں۔

Gouvernement du Canada | Government of Canada
Canada